ادعاء النبوة من قبل الشيعة .

سيدعى الإمام الغائب أن الله بعثني نبيا و رسولا!!

IMAM MEHDI WILL DECLARE HIS PROPHETHOOD.

۔۶۴۴۔ بحار الانوار ۱۳ جلد دوم　علامات ظہور قائم (ع)　تالیف علامہ محمد باقر مجلسی طبع ایران

• کردم اینها را در وقتی خواهم کرد که در علم خود پنهان و مستور کرده‌ام و از واقع شدن اینها چاره نیست در آن زمان ترا و همه سوارگان و پیادگان لشکر ترا هلاک خواهم نمود پس برو هرچه میخواهی بکن پس بدرستیکه تو تا روز وقت معلوم از جملهٔ مهلت دادم شدگانی مولف گوید ظاهر اینست که این علامات مذکوره با هلاک نمودن شیطان و تابعان او در همهٔ ایام پیغمبر و امت او واقع نمیشود بلکه کفایت میکند اینکه در بعضی اوقاتی که بعد از بعثت پیغمبر است واقع شود و اینوقت نیست مگر خلافت قائم ﷺ چنانچه در اخبار سابق گذشت و بعد از این هم مذکور خواهد شد ۔ و سید علی بن عبدالحمید در کتاب الغیبه باسناد خود از باقر ﷺ روایت نموده که آن حضرت فرمود چون قائم ما اهلبیت ظهور میکند این آیه را تلاوت میفرماید * ففررت منکم لما خفتکم فوهب لی ربی حکما * یعنی در وقتی که از شماها فرار نمودم پس پروردگار من نبوت و پیغمبری عطا فرمود پس از هلاکت نفس خود ترسیدم فرار کردم وقتی که خدای تعالی بمن اذن داد و کار مرا اصلاح نمود ظهور کردم و بنزد شما آمدم ۔ و باسناد خود از احمد بن محمد آبادی او رفع حدیث بابی بصیر نموده او از صادق ﷺ روایت کرده که آن حضرت فرمود که اگر قائم ﷺ خروج نماید بعد از آنکه بسیاری از خلایق او را انکار کرده‌اند هر آینه در صورت جوان بنزد ایشان بر میگردد و در اعتقاد امامتش ثابت قدم نمی‌شود مگر هر آن مؤمنی که خدای تعالی در عالم ذر اول عهد و پیمان گرفته باشد ۔ و باسناد خود تا سماعه او از صادق ﷺ روایتکرده که آن حضرت فرمود که گویا قائم را می‌بینم که در کوه ذی طوی با برهنه ایستاده مانند موسی بن عمران انتظار میکشد تا اینکه بمقام ابراهیم ﷺ میاید و در آنجا دعا میکند و باسناد خود از حضرمی او از باقر ﷺ روایت کرده که آنحضرت فرمود جبرئیل در سمت دست راست و میکائیل از جانب دست چپش راه میروند و نیز از آن حضرت روایت نموده که آنحضرت فرمود که چون قائم ﷺ قیام میکند داخل کوفه میشود هر آینه در آنوقت هیچ مؤمن نمیماند مگر اینکه در آنجا میباشد ۔ و از کتاب فضل بن شاذان او رفع حدیث نموده از سعد او از امام حسن عسکری ﷺ روایت نموده که آن حضرت فرمود که محل و جای یکقدم از زمین کوفه دوست‌تر است در نظر من از یکباب خانه که در مدینه باشد ۔ و از فضل بن شاذان او از سعد بن اصبغ روایت کرده او گفته که از صادق ﷺ شنیدم میفرماید که هر کس در کوفه خانه دارد آنرا نگه بدارد و از دست ندهد ۔ و باسناد خود از باقر ﷺ روایتکرده که آن حضرت فرمود که مهدی ﷺ در شهر حیره منهزم میگرداند سفیانی را در زیر درختی که شاخهایش کشیده و دراز است ۔ و باسناد خود تا به بشیر نبال او از صادق ﷺ روایت کرده که آنحضرت فرمود آیا

باسمہ سبحانہ

ھٰذا بصائر للناس وھدی ورحمۃ لقوم یوقنون

کل آدمیوں کے لئے یہ کھلی دلیلیں ہیں اور ان لوگوں کے لئے

جو یقین رکھتے ہیں ہدایت اور رحمت ہے

منتخب

بصائر الدرجات

ترجمہ و تالیف

الفاضل الجلیل محمد بشیر بن شیر محمد المولوی الپاکستانی

الناشر

مکتبۃ الساجد ... آباد کالونی ملتان

شیعہ امام مہدی حضرت "آدم سے لے کر خود اپنے دور تک کے تمام گناہ زنا، خیانت، خواھشات اور ظلم وجور کا قصاص لینگے"

یقتص المهدی ابتداء من آدم حتی زمانه لکل جریمة من الزنا والخیانة والظلم والجور الخ .

SHIA IMAM MEHDI WILL RETALIATE ALL THE SINS, SINCE HAZRAT ADAM'S PERIOD.

بصائر الدرجات از فاضل الجلیل محمد شریف بن شیر محمد شاہ رسولی الپاکستانی

۸۳

وبنی عمه وانصاره وبنی ذراری رسول الله صلی الله علیه وآله واراقة دماء آل محمد (ص) وکل دم سفك وکل فرج نکح حرامًا وکل زنی وخبث وفاحشة واثم وظلم وجور وغشم منذ عهد آدم علیه السلام الی وقت قیام قائمنا (ع) کل ذلك یعدده علیهما ویلزمهما ایاه فیعترفان به فیقتص منهما فی ذلك الوقت بمظالم من حضر ثم یصلبه علی الشجرة ویامر نارا تخرج من الارض فتحرقهما والشجرة ثم یامر ریحا فتنسفهما فی الیم نسفا

اور آپ کے انصار کو ذبح کیا ہو، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کا قیمتی ہر نا آل محمد کا خون بہایا، اور ہر خون کا بہایا ہر نکاح حرام کا ذکر کرنا، ہر زنا، نجاست فاحشہ، گناہ، ظلم وجور کا آدم علیہ السلام سے لیکر قائم آل محمد تک سب کا ان سے ذکر فرمائیں گے، حاضرین کی موجودگی میں ان سب کا ان سے قصاص لیں گے پھر آگ کو حکم دیں گے وہ زمین سے نکل ان کو اور درخت کو جلا دے گی پھر ہوا کو حکم دیں گے وہ ان کی راکھ کو اٹھا کر سمندر میں پھینک دے گی

قال المفضل یا سیدی ذلك آخر عذابهما

مفضلؓ ۔ مولا! یہ ان کے لئے آخری عذاب ہوگا؟

قال هیهات یا مفضل والله یردن ولیحضرن السید الاکبر محمد رسول الله صلی الله علیه وآله والصدیق الاکبر امیر المومنین وفاطمه والحسن والحسین والائمة علیهم السلام وکل من محض الایمان محضا او محض الکفر محضا ولیقتص منهما لجمیع فعلهما ولیقتلن فی کل یوم ولیلة الف قتلة ویردان الی ما شاء.

امامؑ، اے مفضلؓ! سید اکبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ، فاطمہ، حسن، حسین ائمہ علیہم السلام کے مومن، بڑے درجے کے کافر دوبارہ دنیا میں آئیں گے، ان سے ان کے ہر برے کام کا بدلہ لیا جائے گا، ہر رات اور ہر دن میں ہزار دفعہ قتل ہوں گے، جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا ان سے یہ سلوک ہوگا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱۴)

چودہ ستارے

(معہ اضافہ)

یعنی

حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام کے حالات زندگی

مؤلفہ

تاج المتکلمین نجم العلماء عظیمین مؤرخ یگانہ فخر العلماء حضرت حجۃ الاسلام الحاج مولانا مولوی السید نجم الحسن کراروی قبلہ مدظلہ

ناظم اعلیٰ، پاکستان مجلس علماء، ممبر حج کمیٹی مرکزی حکومت پاکستان

ناشران

امامیہ کتب خانہ

مغل حویلی اندرون موچی دروازہ

لاہور

ملائکہ شب قدر اماموں پر نازل ہوتے ہیں۔

تنزل الملائكة على الائمة فى ليلة نصف من شعبان

AN ANGEL REVEALS ON IMAMS IN THE NIGHT OF POWER SHAB -I- QADR"

۵۶۹

رکھا اور انھیں بھی اسی طرح دشمنوں کے شر سے محفوظ کر دیا جس طرح حضرت عیسیٰ کو محفوظ کیا تھا (۳) یہ مسلمات اسلامی سے ہے کہ زمین حجتِ خدا اور امامِ زمانہ سے خالی نہیں رہ سکتی (اصول کافی ۱۰۳ طبع نولکشور) چونکہ حجتِ خدا اُس وقت امام مہدی کے سوا کوئی نہ تھا، اور انھیں دشمن قتل کرنے پر تلے ہوئے تھے اس لیے انھیں محفوظ و مستور کر دیا گیا۔ حدیث میں ہے کہ حجتِ خدا کی وجہ سے بارش ہوتی ہے۔ اور انھیں کے ذریعہ سے روزی تقسیم کی جاتی ہے (بحار) (۴) یہ مسلم ہے کہ حضرت امام مہدی جملہ انبیاء کے مظہر تھے۔ اس لیے ضرورت تھی کہ انھیں کی طرح اُن کی غیبت بھی ہوتی یعنی جس طرح بادشاہِ وقت کے مظالم کی وجہ سے حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے عہدِ حیات میں مناسب مدت تک غائب رہ چکے تھے۔ اسی طرح یہ بھی غائب رہتے۔ (۵) قیامت کا آنا مسلم ہے اور واقعہ قیامت میں امام مہدی کا ذکر بتاتا ہے کہ آپ کی غیبت مصلحتِ خداوندی کی بنا پر ہوئی ہے (۶) سورۃ انا انزلناہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نزولِ ملائکہ شبِ قدر میں ہوتا رہتا ہے یہ ظاہر ہے کہ نزولِ ملائکہ انبیاء و اوصیا ہی پر ہوا کرتا ہے۔ امام مہدی کو اس لیے موجود اور باقی رکھا گیا ہے تاکہ نزولِ ملائکہ کی مرکزی غرض پوری ہو سکے، اور شبِ قدر میں انھیں پر نزولِ ملائکہ ہو سکے۔ حدیث میں ہے کہ شبِ قدر میں سال بھر کی روزی وغیرہ امام مہدی تک پہنچا دی جاتی ہے اور وہی اُسے تقسیم کرتے رہتے ہیں (۷) حکیم کا فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔ یہ دوسری بات ہے کہ عام لوگ اُس کی حکمت و مصلحت سے واقف نہ ہوں۔ غیبت امام مہدی اُسی طرح مصلحت و حکمت خداوندی کی بنا پر عمل میں آئی ہے۔ جس طرح طوافِ کعبہ، رمی جمرہ وغیرہ ہے، جس کی اصل مصلحت خداوندِ عالم ہی کو معلوم ہے (۸) امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمانا ہے کہ امام مہدی کو اس لیے غائب کیا جائے گا تاکہ خداوندِ عالم اپنی ساری مخلوقات کا امتحان کر کے یہ جانچے کہ نیک بندے کون ہیں اور باطل پرست کون لوگ ہیں (اکمال الدین) (۹) چونکہ آپ کو اپنی جان کا خوف تھا اور یہ طے شدہ ہے کہ "من خاف على نفسه احتاج الى الاستتار" کہ جسے اپنے نفس اور اپنی جان کا خوف ہو وہ پوشیدہ ہونے کو لازمی جانتا ہے۔ (المرتضیٰ) (۱۰) آپ کی غیبت اس لیے واقع ہوئی ہے کہ خداوندِ عالم ایک وقتِ معین میں آلِ محمد پر جو مظالم کیے گئے ہیں۔ ان کا بدلہ امام مہدی کے ذریعہ سے لے گا یعنی آپ عہدِ اول سے لے کر بنی اُمیہ اور بنی عباس کے ظالموں سے مکمل بدلہ لیں گے۔ (اکمال الدین)۔

غیبتِ امام مہدی جفر جامعہ کی روشنی میں

علامہ شیخ قندوزی بلخی حنفی رقمطراز ہیں کہ سُدیر صیرفی کا بیان ہے کہ

امام مہدی جب ظاہر ہو گا سورج مغرب سے نکلے گا.

تطلع الشمس من المغرب عند ظهور الامام المهدی

THE SUN WILL RISE FROM THE WEST AT THE TIME OF IMAM MAHDI'S APPEREANCE.

۵۸۵

کا زور ہوگا (۸) زنا عام ہوگا (۹) اچھی اچھی عمارتیں بہت بنیں گی (۱۰) جھوٹ بولنا حلال سمجھا جائے گا۔ (۱۱) رشوت عام ہوگی (۱۲) شہوتِ نفسانی کی پیروی کی جائے گی (۱۳) دین کو دنیا کے بدلے بیچا جائے گا (۱۴) عزیزداری کی پرواہ نہ ہوگی (۱۵) احمقوں کو عامل بنایا جائے گا (۱۶) بردباری کو کمزوری و بزدلی پر محمول کیا جائے گا (۱۷) ظلم فخر کے طور پر کیا جائے گا (۱۸) بادشاہ و اُمرا فاسق و فاجر ہوں گے۔ (۱۹) وزیر جھوٹے ہوں گے (۲۰) امانت دار خائن ہوں گے (۲۱) ہر ایک کے مددگار ظلم پرور ہوں گے (۲۲) قاریانِ قرآن فاسق ہوں گے (۲۳) ظلم و جور عام ہوگا (۲۴) طلاق بہت زیادہ ہوگی۔ (۲۵) فسق و فجور نمایاں ہوں گے (۲۶) فریبی کی گواہی قبول کی جائے گی (۲۷) شراب نوشی عام ہوگی (۲۸) اغلام بازی کا زور ہوگا (۲۹) سحق یعنی عورتیں عورتوں کے ذریعہ شہوت کی آگ بجھائیں گی (۳۰) مالِ خدا و رسولؐ کو مالِ غنیمت سمجھا جائے گا (۳۱) صدقہ و خیرات سے ناجائز فائدہ اٹھایا جائے گا (۳۲) شریروں کی زبان کے خوف سے نیک بندے خاموش رہیں گے (۳۳) شام سے سفیانی کا خروج ہوگا (۳۴) یمن سے یمانی برآمد ہوگا (۳۵) مکہ اور مدینہ کے درمیان بمقام 'بیدا' زمین دھنس جائے گی۔ (۳۶) رکن اور مقام کے درمیان آلِ محمدؐ کی ایک معزز فرد قتل ہوگی (نور الابصار ص۱۵۵ طبع مصر) (۳۷) بنی عباس میں شدید اختلاف ہوگا۔ (۳۸) ۱۵ شعبان کو سورج گرہن اور اسی ماہ کے آخر میں چاند گرہن ہوگا۔ (۳۹) زوال کے وقت آفتاب تا وقتِ عصر قائم رہے گا۔ (۴۰) مغرب سے آفتاب نکلے گا (۴۱) نفس زکیہ اور ستر صالحین کا قتل (۴۲) مسجد کوفہ کی دیوار خراب و برباد کر دی جائے گی (۴۳) خراسان کی جانب سے سیاہ جھنڈے برآمد ہوں گے (۴۴) مصر میں ایک مغربی کا ظہور ہوگا (۴۵) ترک جزیرہ میں ہوں گے (۴۶) رُوم رملہ میں پہنچ جائیں گے (۴۷) مشرق میں ایک ستارہ نکلے گا جس کی روشنی مغرب تک پھیلے گی (۴۸) ایک سُرخی ظاہر ہوگی جو آسمان اور سورج پر غالب آجائے گی (۴۹) مشرق سے ایک زبردست آگ بھڑکے گی جو ۳ یا ۷ روز باقی رہے گی اور بروایت شبلنجی ص۲۱ وہ آگ مغرب تک پھیل کر عالم کو تہس نہس کر دے گی (۵۰) عرب مختلف بلاد پر قابو پالیں گے اور عجم کے بادشاہ کو مغلوب کر دیں گے (۵۱) مصری اپنے بادشاہ و حاکم کو قتل کر دیں گے۔ (۵۲) شام تباہ و برباد ہو جائے گا (۵۳) قیس و عرب کے جھنڈے مصر پر لہرائیں گے (۵۴) خراسان پر بنی کندہ کا پرچم لہرائے گا (۵۵) فرات کا پانی اس درجہ چڑھ جائے گا کہ کوفہ کی گلی کوچوں میں پانی ہوگا (۵۶) ۶۰ عدد مدعیانِ نبوت ظاہر ہوں گے (۵۷) ۱۲ نفر اولادِ ابوطالب سے دعویٰ امامت کریں گے (۵۸) بنی عباس کا ایک عظیم شخص بمقام حلوان و خانقین نذرِ آتش کیا جائے گا (۵۹) بغداد میں کرخ جیسا پُل بنایا جائے گا (۶۰) سیاہ آندھی کا آنا (۶۱) زلزلوں کا آنا (۶۲) اکثر مقام پر زمین کا دھنس جانا (۶۳) موت فجاۃ یعنی ناگہانی موت

صرف چالیس کامل مومن کے وقت امام مہدی کا ظہور ہوگا

یظہر الا المہدی وعدذا المومنین الکاملین اربعون

IMAM MAHDI WILL APPEAR WHEN ONLY 40 TRUE MOMINS (SHI'A) WILL BE LEFT.

۵۷۱

ظہور کی وجہ سے ہورہا ہے ۔ لوگ فرامین پیغمبر اور آئمہ علیہم السلام کی تکذیب کر رہے اور عوام مسلم بلا وجہ اعتراضات کر کے اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں اور شاید اسی وجہ سے مشہور ہے کہ جب دنیا میں چالیس مومن کامل رہ جائیں گے ۔ تب آپ کا ظہور ہوگا ۔ (۴) حضرت خضر جو زندہ اور باقی ہیں اور قیامت تک زندہ اور موجود رہیں گے ۔ انھیں کی طرح حضرت امام مہدی بھی زندہ اور باقی ہیں اور قیامت تک موجود رہیں گے اور جب کہ حضرت خضر کے زندہ اور باقی رہنے میں مسلمانوں کو کوئی اختلاف نہیں ہے ۔ حضرت امام مہدی کے زندہ اور باقی رہنے میں بھی کوئی اختلاف کی وجہ نہیں ہے ۔

غیبت صغریٰ وکبریٰ اور آپ کے سفراء

آپ کی غیبت کی دو حیثیت تھی ، ایک صغریٰ اور دوسری کبریٰ غیبت صغریٰ کی مدت ۷۰، یا ۷۴ سال تھی ۔ اس کے بعد غیبت کبریٰ شروع ہوگئی ۔ غیبت صغریٰ کے زمانہ میں آپ کا ایک نائب خاص ہوتا تھا ۔ جس کے زیر اہتمام ہر قسم کا نظام چلتا تھا ۔ سوال و جواب ، خمس و زکوٰۃ اور دیگر مراحل اسی کے واسطے طے ہوتے تھے خصوصی مقامات محروسہ میں اسی کے ذریعہ اور سفارش سے سفراء مقرر کئے جاتے تھے ۔

سب سے پہلے جنہیں نائب خاص ہونے کی سعادت نصیب ہوئی ۔ ان کا نام نامی و اسم گرامی حضرت عثمان بن سعید عمری تھا ۔ آپ حضرت امام علی نقی علیہ السلام اور امام حسن عسکری علیہ السلام کے معتمد خاص اور اصحاب خلص میں سے تھے ۔ آپ قبیلہ بنی اسد سے تھے آپ کی کنیت ابو عمر تھی ، آپ سامرہ کے قریہ عسکر کے رہنے والے تھے ۔ وفات کے بعد آپ بغداد میں دروازہ جبلہ کے قریب مسجد میں دفن کئے گئے ہیں ۔ آپ کی وفات کے بعد بحکم امام علیہ السلام آپ کے فرزند ارجمند حضرت محمد بن عثمان بن سعید اس عظیم منزلت پر فائز ہوئے ، آپ کی کنیت ابو جعفر تھی ۔ آپ نے اپنی وفات سے ۲ ماہ قبل اپنی قبر کھدوا دی تھی ، آپ کا کہنا تھا کہ میں یہ اس لیے کر رہا ہوں کہ مجھے امام علیہ السلام نے بتا دیا ہے اور میں اپنی تاریخ وفات سے واقف ہوں ۔ آپ کی وفات جمادی الاول ۳۰۵ھ میں واقع ہوئی اور آپ ماں کے قریب بمقام دروازہ کوفہ سرراہ دفن ہوئے ۔

WITNESS

پھر آپ کی وفات کے بعد بواسطہ مرحوم حضرت امام علیہ السلام کے حکم سے حضرت حسین بن روح اس منصب عظیم پر فائز ہوئے ۔ جعفر بن محمد بن عثمان سعید کا کہنا ہے کہ میرے والد حضرت محمد بن عثمان نے میرے سامنے حضرت حسین بن روح کو اپنے بعد اس منصب کی ذمہ داری کے متعلق امام علیہ السلام کا پیغام پہنچایا تھا ۔ حضرت حسین بن روح کی کنیت ابو القاسم تھی آپ محلہ نوبخت کے رہنے والے تھے ۔ آپ خفیہ طور پر ممالک اسلامیہ کا دورہ کیا کرتے تھے ۔ آپ دونوں فرقوں کے نزدیک معتمد ، ثقہ ، صالح

امام مہدی کی حکمرانی اور عقیدہ امامیہ الاثناء عشریۃ

حکم الامام المہدی وعقیدہ الا ثنا عشریۃ

RULE OF IMAM MEHDI AND SHI'ITE DOCTRINE

۶۰۳

علی مسجد میں سو رہے تھے، اتنے میں حضرت رسولِ کریمؐ تشریف لائے، اور آپ نے فرمایا "قم یا دابتہ اللہ"۔ اس کے بعد ایک دن فرمایا: "یا علی اذا کان اخر جک اللہ الخ" اے علی! جب دنیا کا آخری زمانہ آئے گا، تو خداوندِ عالم تمھیں برآمد کرے گا۔ اس وقت تم اپنے دشمنوں کی پیشانیوں پر نشان لگاؤ گے۔ (مجمع البحرین ص۱۲۷) آپ نے یہ بھی فرمایا: کہ علیؑ دابۃ الجنۃ ہیں۔ لغت میں ہے کہ دابہ کے معنی پیروں سے چلنے پھرنے والے کے ہیں۔ (مجمع البحرین ص۱۲۷)۔

کثیر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آلِ محمدؐ کی حکمرانی جیسے صاحب ارجح المطالب نے بادشاہی لکھا ہے اس وقت تک قائم رہے گی جب تک دنیا کے ختم ہونے میں چالیسؑ یوم باقی رہیں گے۔ (ارشاد مفید ص۱۳۷ و اعلام الوریٰ ص۲۶۵) اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ چالیسؑ دن کی مدت قبروں سے مردوں کے نکلنے اور قیامتِ کبریٰ کے لیے ہوگی جشر ونشر، حساب وکتاب، صور پھونکنا اور دیگر لوازم قیامتِ کبریٰ اسی میں ادا ہوں گے۔ (اعلام الوریٰ ص۲۶۵) اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام لوگوں کو جنت کا پروانہ دیں گے۔ لوگ اُسے لے کر پل صراط پر سے گزریں گے۔ (صواعق محرقہ علامہ ابنِ حجر مکی ص۷۵ و اسعاف الراغبین ص۷۵ برحاشیہ نورالابصار) پھر آپ حوضِ کوثر کی نگرانی کریں گے۔ جو دشمن آلِ محمدؐ حوضِ کوثر پر ہوگا، اُسے آپ اُٹھا دیں گے۔ ارجح المطالب ص۶۷۶) پھر آپ لوا الحمد یعنی محمدی جھنڈا لے کر جنت کی طرف چلیں گے، پیغمبرِ اسلامؐ آگے آگے ہوں گے۔ انبیاء اور شہداء وصالحین اور دیگر آلِ محمدؐ کے ماننے والے پیچھے ہوں گے۔ (مناقب اخطب خوارزمی قلمی وارجح المطالب ص۶۷۴) پھر آپ جنت کے دروازے پر جائیں گے اور اپنے دوستوں کو بغیر حساب داخلِ جنت کریں گے اور دشمنوں کو جہنم میں جھونک دیں گے۔ (کتاب شفا قاضی عیاض و صواعق محرقہ) اسی لیے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور بہت سے اصحاب کو جمع کرکے فرما دیا تھا کہ علی زمین اور آسمان دونوں میں میرے وزیر ہیں اگر تم لوگ خدا کو راضی کرنا چاہتے ہو تو علی کو راضی کرو، اس لیے کہ علی کی رضا خدا کی رضا اور علی کا غضب خدا کا غضب ہے۔ (مودۃ القربیٰ ص۵۵-۶۲) علی کی محبت کے بارے میں تم سب کو خدا کے سامنے جواب دینا پڑے گا اور تم علیؑ کی مرضی کے بغیر جنت میں نہ جا سکو گے اور علی سے کہہ دیا کہ تم اور تمھارے شیعہ "خیر البریہ" یعنی خدا کی نظر میں اچھے لوگ ہیں۔ یہ قیامت میں خوش ہوں گے اور تمھارے دشمن ناشاد و نامراد رہیں گے، ملاحظہ ہو (کنز العمال جلد۶ ص۲۱۸ و تحفہ اثنا عشریہ ص۲۰۳ تفسیر فتح البیان جلد ا ص۳۲۳)۔ والسلام

سید نجم الحسن کراروی

کوچہ مولانا صاحب، پشاور سٹی

اہل تشیع کا من گھڑت عقیدہ

عقیدہ اہل التشیع المخترعة

SELF CREATED DOCTRINE OF SHI'ITE

۶۰۲

میں اچھے برے زندہ کیے جائیں گے اور حضرت امام مہدی علیہ السلام کے عہد میں جو لوگ زندہ ہوں گے ان کی تعداد چار ہزار ہوگی (غایۃ المقصود جلد ۱ صفحہ ۔ شہداء کو بھی رجعت میں ظاہری زندگی دی جائے گی تاکہ اس کے بعد جو موت آئے اس سے آیت کے حکم "کل نفس ذائقۃ الموت" کی تکمیل ہو سکے اور انہیں موت کا مزہ نصیب ہو جائے (غایت المقصود جلد ۱ صفحہ ۱۴۳) اسی رجعت میں بوعدہ قرآنی آلِ محمدؐ کو حکومت عامہ عالم دی جائے گی، اور زمین کا کوئی گوشہ ایسا نہ ہوگا جس پر آلِ محمدؐ کی حکومت نہ ہو، اس کے متعلق قرآن مجید میں "ان الارض یرثہا عبادی الصالحون" "ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلہم الوارثین" موجود ہے (حق الیقین صفحہ ۱۴۹)۔

اب رہ گیا یہ کہ کائنات کی ظاہری حکومت و وراثت آلِ محمدؐ کے پاس کب تک رہے گی اس کے متعلق ایک روایت آٹھ ہزار سال کا حوالہ دے رہی ہے اور پتہ چلتا ہے کہ امیر المومنین، حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیر نگرانی حکومت کریں گے اور دیگر آئمہ طاہرین ان کے وزراء اور سفراء کی حیثیت سے ممالک عالم میں انتظام و انصرام فرمائیں گے اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ہر امام علی الترتیب حکومت کریں گے۔ حق الیقین و غایۃ المقصود۔ حضرت علی کے ظہور اور نظام عالم پر حکمرانی کے متعلق قرآن مجید میں بصراحت موجود ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

"اخرجنا لہم دابۃ من الارض" (پ ۳۰ رکوع ۲)

علمائے فریقین یعنی شیعہ و سنی کا اتفاق ہے کہ اس آیت سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں ملاحظہ ہو میزان الاعتدال علامہ ذہبی و معالم التنزیل علامہ بغوی و حق الیقین علامہ مجلسی و تفسیر صافی علامہ محسن فیض اس کی طرف توریت میں بھی اشارہ موجود ہے۔ (تذکرۃ المعصومین صفحہ ۲۳۹)۔ آپ کا کام یہ ہوگا کہ آپ ایسے لوگوں کی تصدیق نہ کریں گے جو خدا کے مخالف اور اس کی آیتوں پر یقین نہ رکھنے والے ہوں گے . . . . وہ صفا اور مروہ کے درمیان سے برآمد ہوں گے ان کے ہاتھ میں حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی اور حضرت موسیٰ کا عصا ہوگا۔ جب قیامت قریب ہوگی تو آپ عصا اور انگشتری سے ہر مومن و کافر کی پیشانی پر نشان لگائیں گے۔ مومن کی پیشانی پر "ھذا مومن حقا" اور کافر کی پیشانی پر "ھذا کافر حقا" تحریر ہو جائے گا۔ ملاحظہ ہو (کتاب ارشاد الطالبین اخوند درویزہ صفحہ ۴۰۰ و قیامت نامہ قدوۃ المحدثین علامہ رفیع الدین صفحہ ۱۰۔ علامہ بغوی کتاب مشکوٰۃ المصابیح کے صفحہ ۴۶۳ میں تحریر فرماتے ہیں کہ دابۃ الارض دوپہر کے وقت نکلے گا، اور جب اس دابۃ الارض کا عمل درآمد شروع ہو جائے گا تو باب توبہ بند ہو جائے گا اور اس وقت کسی کا ایمان لانا کارگر نہ ہوگا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت

• امام مہدی کی بیعت تمام ملائکہ جبرائیل اور میکائیل کریں گے۔

یبایعون جبرائیل و میکائیل وکلھم الملائکۃ الا مام المھدی۔ (عقیدہ الاثناء عشریۃ)

ALL THE ANGELS WILL SWEAR THE ALLEGIANCE OF IMAM MEHDI (SHI'ITE FAITH)

۵۹۴

ظہور کے بعد

ظہور کے بعد حضرت امام مہدی علیہ السلام کعبہ کی دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوں گے۔ ابر کا سایہ آپ کے سرِ مبارک پر ہوگا، آسمان سے آواز آتی ہوگی کہ "یہی امام مہدی ہیں" اس کے بعد آپ ایک منبر پر جلوہ افروز ہوں گے۔ لوگوں کو خدا کی طرف دعوت دیں گے اور دینِ حق کی طرف آنے کی سب کو ہدایت فرمائیں گے۔ آپ کی تمام سیرت پیغمبرِ اسلام کی سیرت ہوگی اور انھیں کے طریقہ پر عمل پیرا ہوں گے۔ ابھی آپ کا خطبہ جاری ہوگا کہ آسمان سے جبرئیل و میکائیل آکر بیعت کریں گے، پھر ملائکہ آسمانی کی عام بیعت ہوگی۔ ہزاروں ملائکہ کی بیعت کے بعد وہ ۳۱۳ مومنان بیعت کریں گے جو آپ کی خدمت میں حاضر ہو چکے ہوں گے۔ پھر عام بیعت کا سلسلہ شروع ہوگا۔ دس ہزار افراد کی بیعت کے بعد آپ سب سے پہلے کوفہ تشریف لے جائیں گے، اور دشمنانِ آلِ محمدؐ کا قلع قمع کریں گے۔ آپ کے ہاتھ میں عصائے موسیٰ ہوگا جو اژدہے کا کام کرے گا اور تلوار حمائل ہوگی۔ (حیات القلوب مجلسی صـ۹۲) تواریخ میں ہے کہ جب آپ کوفہ پہنچیں گے تو کئی ہزار کا ایک گروہ آپ کی مخالفت کے لیے نکل پڑے گا، اور کہے گا کہ ہمیں بنی فاطمہ کی ضرورت نہیں "آپ واپس جایئے" یہ سن کر آپ تلوار سے اُن سب کا قصہ پاک کر دیں گے اور کسی کو بھی زندہ نہ چھوڑیں گے۔ جب کوئی بھی دشمن آلِ محمدؐ اور منافق وہاں باقی نہ رہے گا تو آپ ایک منبر پر تشریف لے جائیں گے اور واقعہ کربلا کا ذکر کریں گے یعنی مجلسِ حسینؑ پڑھیں گے۔ اس وقت لوگ محوِ گریہ ہو جائیں گے اور کئی گھنٹے تک رونے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پھر آپ حکم دیں گے کہ مشہدِ حسینؑ تک نہرِ فرات کاٹ کر لائی جائے اور ایک مسجد کی تعمیر کی جائے۔ جس کے ایک ہزار در ہوں، چنانچہ ایسا ہی کیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ زیارت سرورِ کائنات کے لیے مدینہ منورہ تشریف لے جائیں گے۔ (اعلام الوریٰ صـ۲۶۳، ارشاد مفید صـ۵۳۲، نور الابصار صـ۱۵۵)۔

قدوۃ المحدثین شاہ رفیع الدین رقمطراز ہیں کہ حضرت امام مہدیؑ جو علمِ لدنی سے بھرپور ہوں گے جب مکہ سے آپ کا ظہور ہوگا اور اس ظہور کی شہرت اطراف و اکنافِ عالم میں پھیلے گی تو افواج مدینہ و مکہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گی اور شام و عراق و یمن کے ابدال اور اولیا خدمتِ شریف میں حاضر ہوں گے اور عرب کی فوجیں جمع ہو جائیں گی، آپ اُن تمام لوگوں کو اُس خزانہ سے مال دیں گے جو کعبہ سے برآمد ہوگا۔ اور مقامِ خزانہ کو "تاج الکعبہ" کہتے ہوں گے، اسی اثنا میں ایک شخص خراسانی عظیم فوج لے کر حضرت کی مدد کے لیے مکہ معظمہ کو روانہ ہوگا، راستے میں اس لشکرِ خراسانی کے مقدمۃ الجیش کے کمانڈر منصور سے نصرانی فوج کی ٹکر ہوگی، اور خراسانی لشکر نصرانی فوج کو پسپا کر کے

WITNESS

ترجمہ

منتہی الآمال

تالیف

ثقۃ المحدثین آقائے شیخ عباس قمی علیہ الرحمۃ

مترجم

مولانا سید صفدر حسین قبلہ نجفی

امامیہ پبلیکیشنز ۱۷۔ نور چیمبرز گنپت روڈ لاہور پاکستان

امام مادر شکم میں باتیں کرتے ہیں۔

الائمة يتكلمون فى بطون امهاتهم

IMAM TALKS BEFORE BIRTH (SHI'ITE FAITH)

۳۴۷

پرواز کی۔

پس حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تجھے اس کے سپرد کرتا ہوں کہ موسیٰ کی والدہ نے حضرت موسیٰ کو جس کے سپرد کیا تھا۔ پس نرجس خاتون رونے لگیں تو آپؑ نے فرمایا خاموش رہو اور گریہ نہ کرو، کیونکہ یہ تمہارے علاوہ کسی کے پستان سے دودھ نہیں پیئے گا اور بہت جلدی اسے تیرے پاس لوٹا دیں گے کہ جس طرح کہ موسیٰؑ کو مادر موسیٰؑ کی طرف پلٹا دیا تھا جس طرح کہ خدا فرماتا ہے کہ پس ہم نے موسیٰ کو اس کی ماں کی طرف پلٹا دیا تاکہ اس کی ماں کی آنکھیں روشن ہوں

پس حکیمہ نے پوچھا کہ یہ پرندہ کون تھا کہ صاحب الامرؑ کو آپؑ نے جس کے سپرد کیا ہے۔ فرمایا کہ وہ روح القدس ہے جو کہ آئمہ علیہم السلام کے ساتھ موکل ہے جو انہیں خدا کی طرف سے موفق کرتا ہے اور خطا سے ان کی نگہداری کرتا ہے اور انہیں علم کے ساتھ زینت دیتا ہے۔

حکیمہ کہتی ہیں کہ جب چالیس دن گزر گئے تو میں حضرتؑ کی خدمت میں گئی۔ جب وہاں پہنچی تو دیکھا کہ ایک بچہ گھر کے اندر چل پھر رہا ہے تو میں نے عرض کیا اے میرے سید و سردار یہ دو سال کا بچہ کس کا ہے۔ حضرتؑ نے تبسم کیا اور فرمایا کہ اولاد انبیاء و اوصیاء جب امام ہوں تو وہ دوسرے بچوں سے مختلف نشو و نما پاتے ہیں اور وہ ایک ماہ کا بچہ دوسرے ایک سال کے بچے کی طرح ہوتا ہے اور وہ شکم مادر میں بات کرتے ہیں۔ اور قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ہیں اور ان کی شیر خوارگی کے زمانہ میں ملائکہ ان کی فرمانبرداری کرتے ہیں اور ہر صبح و شام ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں۔

پس حکیمہ فرماتی ہیں کہ امام حسن عسکری علیہ السلام کے زمانہ میں میں چالیس دن میں ایک مرتبہ ان کی خدمت میں حاضر ہوتی یہاں تک کہ میں نے حضرتؑ کی وفات سے چند دن پہلے ان سے ملاقات کی تو انہیں مکمل مرد کی شکل و صورت میں دیکھ کر نہ پہچان سکی اور اپنے بھتیجے سے عرض کیا کہ یہ شخص کون ہے کہ آپؑ مجھے فرماتے ہیں کہ میں اس کے پاس بیٹھوں۔ فرمایا یہ نرجس کا بیٹا ہے اور میرے بعد میرا خلیفہ ہے اور میں عنقریب تمہارے درمیان سے جا لے، الا ہوں۔ تم اس کی بات کو قبول کرنا اور اس کے حکم کی اطاعت کرنا۔

پس چند دنوں کے بعد حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے عالم قدس کی طرف کوچ کیا۔ اور اب میں ہر صبح و شام حضرت صاحب الامرؑ سے ملاقات کرتی ہوں اور جس چیز کا میں ان سے سوال کرتی ہوں وہ مجھے اس کی خبر دیتے ہیں اور کبھی میں سوال کرنے کا ارادہ کرتی ہوں اور وہ مجھے سوال کرنے سے پہلے جواب دے دیتے ہیں۔

اور دوسری روایت میں وارد ہوا ہے۔ حکیمہ خاتون کہتی ہیں کہ میں حضرت صاحب الامرؑ کی ولادت کے تین دن بعد ان کی ملاقات کی مشتاق ہوئی تو میں امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میرے مولا کہاں ہیں۔ فرمایا میں نے اسے اس کے سپرد کیا ہے جو ہماری اور تمہاری نسبت اس کا حق دار و اولیٰ ہے۔ یعنی اس کا

حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر کی نہایت اہم پیشکش

احسن المقال

جلد دوم

ترجمہ

منتہی الآمال

تالیف

ثقۃ المحدثین آقائی شیخ عباس قمی علیہ الرحمۃ

مترجم

مولانا سید صفدر حسین قبلہ نجفی

امامیہ پبلیکیشنز ۱۷- نور چیمبرز گنپت روڈ لاہور پاکستان

امام ماں کی ران سے پیدا ہوتا ہے

یخلق الامام من فخذ امه۔ (معاذ اللہ)

AN IMAM BORNS FROM MOTHER'S THIGH

۳۲۵

چنانچہ ولادت کے وقت تک کوئی تغیر اس میں ظاہر نہ ہوا۔ اور کوئی شخص اس کے حالات سے مطلع نہ ہوا کیونکہ فرعون حاملہ عورتوں کے شکم حضرت موسیٰ کی تلاش میں چاک کر دیتا تھا۔ اور اس فرزند کی حالت بھی اس امر میں حضرت موسیٰ سے مشابہ ہے۔

دوسری روایت میں یہ ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا کہ ہم اوصیاء انبیاء کا حمل شکم میں نہیں بلکہ پہلو میں ہوتا ہے۔ اور رحم سے نہیں بلکہ اپنی ماؤں کی ران سے پیدا ہوتے ہیں، کیونکہ ہم نور الٰہی ہیں۔ اس نے گندگی اور نجاست کو ہم سے دور رکھا ہے۔

حکیمہ کہتی ہے کہ میں نرجس کے پاس گئی اور یہ حالت اس کو بتائی۔ وہ کہنے لگی اے خاتون معظم میں اپنے میں کوئی اثر محسوس نہیں کرتی۔ پس میں رات وہیں رہی اور افطار کر کے نرجس کے قریب لیٹ گئی اور ہر گھڑی اس کی خبر گیری کرتی رہی اور وہ اپنی جگہ سوتی رہی۔ اور ہر لحظہ میری حالت بڑھتی جاتی تھی۔ اور اس رات باقی راتوں کی نسبت زیادہ میں نماز اور تہجد کے لئے اٹھی اور نماز تہجد ادا کی۔ جب میں نماز وتر پر پہنچی تو نرجس بیدار ہوئی اور وضو کر کے نماز تہجد بجالائی۔ جب میں نے نگاہ کی تو صبح کاذب طلوع کر چکی تھی پس قریب تھا کہ میرے دل میں اس وعدہ کے متعلق شک پیدا ہو جو حضرتؑ نے فرمایا کہ اچانک امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے کمرے سے آواز دی کہ شک نہ کرو اب اس کا وقت قریب آ گیا ہے۔

پس اس وقت میں نے نرجس میں کچھ اضطراب کا مشاہدہ کیا۔ پس میں نے اسے سینے سے لگایا اور اس پر اسمائے خدا پڑھے۔ دوبارہ آپؑ نے آواز دی کہ اس پر سورہ إِنَّا أَنزَلْنَا کی تلاوت کرو۔ پھر میں نے اس سے پوچھا کہ تیرا کیا حال ہے۔ کہنے لگی کہ مجھ میں اس کا اثر ظاہر ہو چکا ہے جو میرے مولا نے فرمایا ہے۔

پس جب میں نے سورہ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ پڑھنا شروع کی تو میں نے سنا کہ وہ بچہ بھی شکم مادر میں میرے ساتھ پڑھتا ہے۔ بعد اس نے مجھ کو سلام کیا تو میں ڈر گئی۔ حضرتؑ نے آواز دی کہ قدرت خدا پر تعجب نہ کرو، کیونکہ وہ ہمارے بچوں کو حکمت سے گویا کرتا ہے اور ہمیں بڑے ہوتے ہی زمین میں اپنی حجت قرار دیتا ہے۔

پس جب حضرت امام حسنؑ کی گفتگو ختم ہوئی تو نرجس میری آنکھوں سے غائب ہو گئی، گویا میرے اور اس کے درمیان پردہ حائل ہو گیا، پس میں فریاد کرتی ہوئی دوڑ کر امام حسنؑ کے پاس گئی۔ حضرتؑ نے فرمایا اے پھوپھی واپس جاؤ تم اپنی جگہ پر پاؤ گی۔

جب میں واپس آئی تو پردہ ہٹ چکا تھا اور نرجس میں میں نے ایسا نور دیکھا کہ جس نے میری نگاہوں کو خیرہ کر دیا اور حضرت صاحب الامرؑ کو دیکھا کہ وہ قبلہ رخ سجدہ میں زانو کے بل پڑے ہیں۔ اور اپنی شہادت کی انگلیاں آسمان کی طرف بلند کی ہوئی ہیں اور کہہ رہے ہیں أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ جَدِّي رَسُولُ اللّٰهِ وَأَنَّ أَبِي أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَصِيُّ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝

وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ۝

اور ہم نے اس کا فدیہ ایک بڑی قربانی عوض کی ہے

ذبحِ عظیم

مصنف

سید اولاد حیدر فوق بلگرامی، اعلی اللہ مقامہ

ناشر:- مکتبہ رضویہ 16/B شاہ عالم مارکیٹ لاہور

ملنے کا پتہ:- حق برادرز - انار کلی، لاہور

قیمت مجلد چھتیس روپے ۳۶/-

یزید علی اکبر بن حسین کا ماموں تھا

كان يزيد بن معاوية خال على الاكبر بن الحسين بن على

YAZID BIN MUAVIYA WAS THE REAL UNCLE OF HAZRAT ALI AKBAR BIN HUSSAIN (RA).

ذبح عظیم از سید اولاد حیدر فوق بلگرامی ناشر کتب رضویہ B/16 شاہ عالم مارکیٹ لاہور

گریہ زناں کی یہ دہشت ناک آواز پہنچی تھی کہ مروان ابن الحکم جو بنی ہاشم کی عداوت کے لئے مخصوص مشہور ہے ایک بار جنت البقیع کی طرف گزرا۔ اور ان کے نالہ و شیون کی جگر خراش آواز سنکر بے اختیار ہو گیا اور دھاڑیں مار کر رونے لگا۔

حضرت علی اکبر علیہ السلام کی شہادت

حضرت عباس علیہ السلام کے قتل ہو جانے کے بعد جناب امام حسین علیہ السلام کے پہلو میں سوائے ایک فرزند دلبند کے جو علی اکبر کے نام سے مشہور ہیں اور کوئی متنفس باقی نہیں رہا تھا۔ اب معاملہ جنگ کا ہو کر قریب تھا کہ ہمیشہ کے لئے فیصلہ ہو جائے۔ حضرت علی اکبر علیہ السلام کے حال میں علامہ کنتوری مدظلہ تحریر فرماتے ہیں۔

المشہور بین النسابہ علی الاکبر وھو الاوسط من ابناء الحسین علیہ السلام ویکنی بابی الحسین وامہ تسمی باسم لیلیٰ بنت میمونہ بنت ابوسفیان عمرہ فی ذلک الیوم علی ما رواہ محمد ابن ابی طالب ثمانیۃ عشر سنین وھو المشہور وفی نور العین سماھا صحیحا نہ ... وکیف ما کان فامہ لیست بشہر بانویہ علیہا الاتفاق وتعنی اھل انہ علیہ السلام کان اشبہ الناس خلقا وخلقا ومنطقا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وکان یاتی فی حکم الحسین علیہ السلام حین اذن اللہ لسیدنا الحسین ... کانت تحتہ زینب بنت علی علیہا السلام کما ھو المشہور ونقل السبب فی تربیتہ لزینب علیہا السلام اعظم ... کانت جدتہا۔

مشہور نسابین کا ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام اوسط منجھلے بیٹے تھے۔ جناب امام حسین کے کنیت ابی الحسن بھی تھی مادر گرامی آپکی ام لیلیٰ تھیں اور وہ میمونہ بنت ابوسفیان کی بیٹی تھیں اس رشتہ سے آپ یزید کے بھانجے تھے یعنی پھوپی زاد بہن کے بیٹے تھے اور سن شریف آپ کا اس روز بکثرت روایت محمد ابن ابیطالب کے اٹھارہ برس کا تھا۔ اور مادر گرامی آپکی ام لیلیٰ تھیں اور یہی مشہور بھی ہے۔ ملا ابو الحسن نے نور العین میں آپ کی مادر گرامی کا نام شہربانو اور آپ نے بھی لکھا ہے شاید یہ نام اصلی ہوں۔ اور ام لیلیٰ کنیت ہو۔ بہر کیف آپ کی مادر گرامی کا کوئی نام کیوں نہ ہو مگر حضرت شہربانو علیہا السلام آپکی والدہ نہیں تھیں۔ چنانچہ جمہور علمائے انساب کا اتفاق ہے

اساس پر بھی مورخین کا اتفاق ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام خلقت۔ اخلاق اور گویائی میں جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہایت مشابہ تھے۔ چنانچہ وہ دعا جو جناب امام حسین علیہ السلام نے بروقت رخصت حضرت علی اکبر علیہ السلام کے واسطے بدرگاہ جناب الٰہی و ثنا کی ہے اس میں یہی الفاظ ارشاد فرماتے ہیں اور جناب زینب بنت امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے ان کی پرورش فرمائی تھی جیسا کہ مشہور ہے اور شاید ان کی صغر سنی میں پرورش فرمانے کا سبب یہ ہو کہ حضرت زینب سلام اللہ علیہا اپنے نانا کی شبیہ کی تعظیم کی رعایت سے آپکی کفیل ہوئی ہوں۔ علامہ ابن شہر آشوب بذیل ذکر جناب علی اکبر علیہ السلام تحریر فرماتے ہیں۔

وکان مطیعا لابیہ متدینا عارفا بالاحکام والسنۃ بطلا ضرغاما واتقی علی اللہ سبحانہ کیبا وجیہا نبیہا لا نظیر لہ فی الحسن والبہاء

حضرت علی اکبر علیہ السلام اپنے پدر بزرگوار کے بہت بڑے فرمانبردار تھے بڑے دیندار تھے احکام قرآن و حدیث کو خوب جانتے تھے بہادر تھے اپنے تمام امور میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ پر تکیہ کرتے تھے بڑے عقیل بڑے خوبصورت بڑے دانا تھے حسن و خوبی میں انکا نظیر کوئی نہ تھا۔ علامہ کنتوری مدظلہ جناب میرن صاحب قبلہ طاب اللہ مقامہ کی اسناد سے تحریر فرماتے ہیں قال فی مختصر الانساب علی ما نقلہ الاستاذ فی المجالس المجتہدین ان اھل الشام اعطی الامان من القتل لانہ کان ابن بنت البنت لابی سفیان فلم یقبلہ وقال ان قرابۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعظم من قرابۃ آل ابوسفیان۔ مختصر الانساب کی اسناد سے میرے استاد ثقۃ المتکلمین جناب میرن صاحب قبلہ رحمہ اللہ اعلی اللہ مقامہ نے مجالس مجتہدین میں نقل کیا ہے کہ اہل شام حضرت علی اکبر علیہ السلام کے واسطے امان لائے تھے بسبب کہ وہ ابوسفیان کی نواسی کے بیٹے تھے لیکن آپ نے اسکو منظور نہ کیا اور ارشاد فرمایا کہ میرے جد بزرگوار احمد مختار صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت ابوسفیان کی قرابت سے کہیں زیادہ ہے۔

حقیقت میں یہ امان لینی ہی تھی جیسی حضرت عباس علیہ السلام اور انکے بھائیوں کو شمر لعین اپنی قرابت کی وجہ سے دینا چاہتا تھا۔

حضرت حسینؓ کے لڑکے کا نام یزید ہے

كان اسم ابن سيدنا حسين رضى الله عنه يزيد

YAZID WAS THE NAME OF HAZRAT HUSSAIN'S SON.

تاریخ ائمہ مشہور بہ چہاردہ مجالس ریلیز مطبع کشور

مجلس پنجم — ۸۳ — تاریخ الائمہ

جدول حالات جناب امام حسین علیہ السلام متعلقہ مجلس پنجم

اسم مبارک	حسینؑ	تعداد اولاد	پسر: علی اکبر، [illegible] ابراہیم، [illegible] جعفر، عمر، زید [illegible] — فاطمہ کبریٰ، سکینہ، زینب [illegible] فاطمہ صغریٰ
کنیت	ابو عبد اللہ	نقش نگین	ان اللہ بالغ امرہ
لقب	سید الشہدا	یوم و تاریخ و ماہ و سال شہادت	روز شنبہ و بقولے جمعہ ۱۰ محرم ۶۱ھ
جائے تولد	مدینہ منورہ	جائے شہادت	کربلائے معلیٰ
یوم و تاریخ و ماہ و سال تولد	یوم پنجشنبہ ۳ شعبان ۴ھ مدت حمل آپکی چھ ماہ دیکھی گئی	سبب شہادت	عداوت یزید لعین کے سبب شمر لعین نے خنجر سے مارا
نام والد ماجد	علی علیہ السلام	سن شریف	۵۷ برس ۵ مہینہ ۵ یوم
نام والدہ بزرگوار	فاطمہ بنت رسول	بادشاہ وقت	یزید لعین
حاکم وقت پیدائش	یزدجرد	مدت امامت	۱۰ سال ۱۰ یوم
تعداد ازواج	۵ نفر علاوہ کنیزان — شہربانو مادر عابدؑ، ام لیلیٰ مادر علی اکبر، رباب مادر عبد اللہ و علی اصغر، قضاعیہ، ام اسحاق مادر فاطمہ صغریٰ، مادر جعفر	جائے دفن	کربلائے معلیٰ

تقیہ (جھوٹ) واجب ہے اس کا ترک کرنے والا مذہب امامیہ سے خارج ہے اور مخالفت کی اس نے اللہ رسول اور ائمہ کی

التقية واجبة فمن تركها فقد خرج عن دين الله وعن دين الا مامية وخالف الله و رسوله والائمه

TAQEEAH IS NECESSARY AND ONE WHO ABANDONS IS EXCLUDED FROM THE RELIGION OF IMAMAS.

احسن الفوائد فی شرح العقائد از علامہ محمد حسین (سرگودھا)
۴۲۶

هذه الآية فلا تسبوهم فلا نهم يسبوا عليكم وقال الصادق من سب ولي الله فقد سب الله ومن سب الله اكبه الله على منخريه في نار جهنم قال النبي لعلي من سبك يا علي فقد سبني ومن سبني فقد سب الله والتقية واجبة لا يجوز رفعها الى ان يخرج القائم فمن تركها قبل خروجه فقد خرج من دين الله ومن دين الاماميه وخالف الله ورسوله والائمه

ان لوگوں پر سب و شتم نہ کرو ورنہ یہ لوگ تمہارے اماموں پر سب و شتم کریں گے۔ پھر فرمایا جو شخص ولی خدا کو برا کہتا ہے اس نے گویا خدا وند عالم کو برا کہا۔ اور جس نے خدا کو برا کہا خدا تعالیٰ اسے ناک کے بل آتش جہنم میں اوندھا ڈال دے گا۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت امیر علیہ السلام سے فرمایا یا علی! جو شخص تم پر سب کرتا ہے وہ مجھ پر سب کرتا ہے اور جو مجھ پر سب کرتا ہے وہ خدا پر سب کرتا ہے۔ تقیہ واجب ہے اور حضرت قائم آل محمد کے ظہور تک اس کا ترک کرنا جائز نہیں جو شخص ان کے ظہور سے پہلے تقیہ ترک کرے گا وہ دین خدا یعنی مذہب امامیہ سے خارج ہو جائے گا۔ اور خدا و رسول و آئمہ ہدیٰ کا مخالف متصور ہو گا۔

کرتے رہتے ہیں حالانکہ یہ ایک فطری امر ہے جسے بلا امتیاز مذہب و ملت ہر ضعیف و کمزور انسان اپنی نگہداشت اور مال و جان کی حفاظت کے لئے ضرور عمل میں لاتا رہتا ہے و من یکن یکرھا باللسان وقلبه مطمئن بالایمان اگر کوئی انسان بوقت ضرورت تقیہ سے کام نہ لے تو وہ ختم ہو جائیں اسلام جو کہ دین فطرت ہے۔ اس کے متعلق یہ کس طرح متصور ہو سکتا ہے کہ وہ انسان کے اس فطری حق کو اس سے سلب کرے اور اس فطری تقاضے کو حرام قرار دے دے یہی وجہ ہے کہ بانی اسلام اور ان کے اوصیاء علیہم السلام نے تقیہ کو فقط جائز ہی نہیں بتایا بلکہ اس کی اہمیت پر بہت کچھ زور بھی دیا ہے چنانچہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ واللہ ما علی وجه الارض من شیئ احب الی من التقیہ بخدا روئے زمین پر مجھے تقیہ سے زیادہ کوئی چیز بھی محبوب نہیں ہے۔ (اصول کافی) بلکہ یہاں تک فرمایا کہ لا دین لمن لا تقیہ له (اصول کافی) جس میں تقیہ نہیں اس میں کوئی دین نہیں ہے۔
تقیہ کے جواز پر آیات متکاثرہ اور اخبار متظافرہ بلکہ متواترہ کتب میں فریقین میں موجود ہیں بنابر اختصار ہم ذیل میں چند آیات و اخبار پیش کرتے ہیں۔

جواز تقیہ کی پہلی آیت

ارشاد قدرت ہے۔ من کفر باللہ من بعد ایمانه الا من اکره وقلبه مطمئن بالایمان ولکن من شرح بالکفر صدرا فعلیهم

عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ

وہ غیب دان ہے اور اپنی غیب کی بات کسی پر ظاہر نہیں کرتا مگر جس پیغمبر کو پسند فرمائے۔ الجن ۲۷

مِصْبَاحُ الْهُدٰی فِیْ عَظْمَةِ الْمُصْطَفٰیؐ

عَالِمُ الْغَیْب

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ

مؤلف: جناب مولانا طالب حسین کرپالوی

الناشر: جعفریہ دار التبلیغ ○ افضال روڈ ○ سانده کلاں ◎ لاہور

حضرت علیؓ واقعی رسول کا حصہ ہیں اور انہیں علم غیب عطا کیا گیا

علی جزء من الرسول حقا ، ويعلم الغيب و اطلعه الله على الغيب

HAZRAT ALI (RA) IS A SUCCESSOR OF THE HOLY PROPHET (SAW) AND POSSESSED THE DIVINE KNOWLEDGE.

عالم الغیب از مولانا طالب حسین کرپالوی ساندہ لاہور

امر ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی اس سے متفرد ہے بندوں کو اس کے حصول کا کوئی طریقہ نہیں مگر اللہ تعالیٰ بطریق وحی یا الہام کے بتائے یا بطریق معجزہ یا کرامات کے استدلال کرنا علامت ہے جس میں ممکن ہوا اس لئے فتاویٰ میں ذکر کیا ہے کہ چاند کے ہالہ کو دیکھ کر کوئی غیب کا مدعی بن کر کہے کہ پانی برسے گا یہ کفر کی علامت ہے۔

تعالیٰ لا سبیل الیہ لعباد الا اعلام او الهام بطریق المعجزة او الكرامة او ارشاد الی الاستدلال بالا مالات فیما یمکن فیہ ذلک ولھذا ذکر الفتوی ان قول القائل عند مادیة ھالة القمر یکون مطرا مدعیا علم الغیب بعلامة الکفر

عقائد حنفیہ کے ترجمان کی اس عبارت سے واضح ہوا کہ خدا اپنے بندوں کو معجزے اور کرامات کے طور پر وحی اور الہام کے ذریعے غیب کی تعلیم دے دیتا ہے۔

کتب شیعہ میں اس آیت کے ذیل میں یہ روایات تحریر ہیں کہ،

(۶) امام محمد باقر فرماتے ہیں کہ اس آیت میں "و من ارتضاہ" سے مراد نبی کریم ہیں۔ کتاب خرائج میں ہے کہ امام علی رضا نے فرمایا۔ کہ حضور صلعم خدا کے مرتضیٰ ہیں اور ہم اس رسول کے وارث ہیں۔ جسے خدا نے جو چاہا اپنے علم غیب سے آگاہ کیا۔ پس ہم پہلے اور قیامت تک آنے والے واقعات کو جانتے ہیں۔

عن الباقر هذه الاية قال وكان محمد "ممن ارتضاه" وفی الخرائج عن الرضا فیہا فرسول اللہ عند اللہ مرتضیٰ و نحن ورثة ذلک الرسول الذی اطلعہ اللہ علی ما یشاء من غیبہ فعلمنا ما کان و ما یکون الی یوم القیامة

اصول کافی جلد ۱ صفحہ ۲۵۶ تفسیر صافی صفحہ ۴۶۵

قرآن مجید کی اس آیت میں "من رسول" سے مراد حضرت علی ہیں کیونکہ حضرت علی واقعی رسول کا حصہ ہیں (تفسیر برھان جلد ۱ صفحہ ۳۹۴)

"عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضیٰ من رسول یعنی علیا المرتضیٰ من رسول وھو منہ

اس آیت کی تفسیر میں حضرت علی علیہ السلام نے حضرت سلمان فارسی سے فرمایا: انا ذلک المرتضیٰ من الرسول الذی اظھرہ علی غیبہ کہ اس آیت میں اس رسول سے مرتضیٰ میں ہوں جس پر غائب کو ظاہر کیا گیا ہے۔ مراۃ الانوار صفحہ ۲۴۸

(۷) مجلسی محمد باقر　مراۃ العقول صفحہ ۱۸۶　نولکشور لکھنؤ

علامہ طبرسی فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے

قال طبرسی من الرسول فانہ یستدل

۴۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا

کتابِ مستطاب

تجلیاتِ صداقت

جلد دوم

بجواب

آفتابِ ہدایت

تصنیف لطیف

صدر المحققین سلطان المتکلمین حجۃ الاسلام والمسلمین سرکار علامہ الحاج الشیخ محمد حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر مد ظلہ العالی

ناشر

مکتبہ اصغریہ: امام بارگاہ بلاک نمبر ۷ سرگودھا

ہفت روزہ "صادق" ۱۸، نور چیمبرز گنپت روڈ۔ لاہور

ظہور مہدی کے وقت 313 شیعہ مومن ہوں گے۔ (عقیدہ امامیہ الاثناء عشریہ)

یکون عدد ثلاثه مائة و ثلاثة عشر المومنین من اهل التشیع (313) عند ظهور امام المهدی

ON APPEARENCE OF IMAM MEHDI, ONLY 313 MONIN (SHIA) WILL BE LEFT

۲۳۰

کا وقت ظہور معین کرنے والے جھوٹے ہیں جھوٹے ہیں (اصول کافی) خواہ اس کی وجوہ جو جو مؤلف نے آفتاب کے صفحہ ۲۲ پر اصول کافی سے نقل کی ہے یا وہ وجوہ ہوں جو موصوف نے صفحہ ۲۳ پر علامہ حائری رح کی غایۃ المقصود پیش کی ہیں یا وہ اسباب ہوں جو ثالث ۲۴ عشر بحار، العبقری الحسان، نجم ثاقب اور کمال الدین و اتمام النعمۃ وغیرہ کتب میں مذکور ہیں ہم اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتے۔ ہمارا کام تو بموجب ارشاد امام زمانہ "اکثروا الدعا بتعجیل الفرج فان فیه فرجکم" جس قدر ہو سکتا ہے۔ میرے ظہور کی تعجیل کی دعائیں کرو کیونکہ اسی میں تمہاری کشائش ہے (احتجاج طبرسی) انکے تعجیل ظہور کی دعا کرنا ہے وبس۔ ع

در بند این مباش کہ شنید یا نشنید

بہرکیف ؎

اسرار خدا را نہ تو دانی و نہ من

این حرف معما نہ تو خوانی و نہ من

ایک غلط فہمی کا ازالہ مگر مؤلف کا صفحہ ۲۴ پر بیان کردہ وجوہ سے یہ استنباط کسی طرح بھی صحیح نہیں ہے کہ خدا شیعہ پر ناراض ہے کیونکہ امام کے ظہور کا فائدہ صرف شیعوں کو نہیں بلکہ تمام اہل اسلام بلکہ تمام اہل عالم امکان کو پہنچتا ہے۔ اسلئے انکے عدم ظہور میں جب سب کو دخل ہے حقیقت یہ ہے کہ وجود الامام لطف و اقدامہ لطف آخر و عدمہ منا (شرح تجرید) اہ۔ شامت اعمال ما صورت نادر گرفت۔ بہرحال اس تاخیر و تعویق کا سبب ہم ہی ہیں اس میں خدا اور امام کا ہرگز کوئی قصور نہیں ہے انا است کہ بر ماست ع

اسے باد صبا این ہمہ آوردہ تست۔

ایک ضروری وضاحت مؤلف نے حاملین امام کی تعداد تین سو تیرہ پر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ہنوز تمام دنیا میں اتنے شیعہ موجود نہیں ہیں اسکے متعلق پہلی گذارش تو یہ ہے کہ روایت میں یوں درج نہیں ہے کہ جب اسقدر شیعہ ہو جائیں گے تو اسوقت فوراً امام ظہور فرمائیں گے بلکہ حدیث میں صرف اسقدر وارد ہے کہ امام کے ظہور کے وقت انکے مخصوص اصحاب کی تعداد اصحاب بدر کی تعداد کے مطابق ۳۱۳ ہوگی وبس اور اس سے یہ نتیجہ ہرگز برآمد نہیں ہوتا جو مؤلف برآمد کرنا چاہتے ہیں۔ دوم یہ کہ ہم اس سے پہلے صفحہ میں ثابت کر چکے ہیں کہ ہر گروہ و جماعت میں نام نہاد آدمی زیادہ اور حقیقی باعمل بہت قلیل ہوا کرتے ہیں اسمیں کسی فرقہ کی کوئی تخصیص نہیں ہے قرآن شاہد ہے کہ حضرت موسیٰ نے میقات پروردگار کیلئے ستر ہزار کلمہ گویوں سے منتخب و انتخاب کیا۔ یہ ستر آدمی چنے تھے جو عند الامتحان سب ناکام ہوئے۔ پس سبب عندالامتحان یکرم الرجل او یہان ــــ والله الموفق و علیه التکلان۔

انسائیکلوپیڈیا حضرت علیؑ
براہین الطالب علی بن ابی طالبؑ
جلد ۲
وسیلہ انبیاء
مصنف
محقق وحید جناب مولانا طالب حسین کرپالوی
جعفریہ دار التبلیغ امامبارگاہ

قوم عاد ثمود اور فرعون کو ہلاک کرنے والے اور موسیٰ کو نجات دینے والے علیؓ

الذی اهلك عاد؟ و ثمود و أنجی کلیم الله موسی هو علی بن ابی طالب

ALI WAS THE DESTROYER OF AAD, SAMAND NATIONS AND PHAROH WAS KILLED AND MOSES WAS SAKED BY HIM.

وسیلہ انبیاء جلد دوم از طالب حسین کرپالوی ۱۱۰ جعفریہ دار التبلیغ سانده لاہور

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام دریائے نیل کے پاس پہنچے تو گھبرانے لگے خدا نے فرمایا مت گھبراؤ میری توحید، محمدؐ کی نبوت اور علیؑ کی ولایت کا ذکر کرو دریا میں راستہ خود بخود بن جائے گا چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسی نسخے کو استعمال کیا اور فرمایا اللّٰھم بجاہھم جوّزنا علی متن ھذا الماء حضرت موسیٰ کا یہ کہنا تھا کہ راستہ خود بخود بن گیا اور حضرت موسیٰ اپنی قوم کمسیت دریا سے یوں گزر رہے تھے جیسے دریا نہ تھا صحرا تھا۔

(۱۸) کاشانی فتح اللہ تفسیر منہج الصادقین جلد ۷ ص۱۵

عبداللہ بن سلام کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ حضرت سلیمان کے دربار میں تخت بلقیس کو ملک سبا سے کس نے حاضر کیا تو حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ اللہ کے اسماء میں سے ایک اسم کے ذریعے حضرت علیؑ نے حاضر کیا۔

عن عبد اللّٰه بن سلام انه سئل النبی من الذی اتی بعرش بلقیس من السباء و احضره عند سلیمان فقال له النبی احضره علی بن ابی طالب باسم من اسماء اللّٰه العظام

(۱۹) البحرانی سید ہاشم ۱۱۰۶ھ البرہان ص۴۴

میں وہی علی ہوں جس نے قوم عاد، ثمود، اصحاب رس اور ان کے مابین بہت زیادہ اقوام کو ہلاک کیا اور میں ہی وہ علی ہوں جس نے جابروں کو ذلیل کیا میں ہی صاحب مدین ہوں اور فرعون کو ہلاک کرنے والا ہوں اور حضرت موسیٰ کو نجات دینے والا ہوں

طبع قدیم

قال علی انا الذی اهلکت عاداً و ثموداً و اصحاب الرس وقرونا بین ذلك کثیرا وانا الذی ذللت الجبابرة وانا صاحب مدین و مهلك فرعون و منجی موسٰی۔

(۲۰) یہ عبارت مختصر البصائر ص۳۳ اور طوالع الانوار کے ص۹۹ پر بھی ہے۔

(۲۱) در جنگی اکسیر العبادات ص۴۳۶

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ نمرود کی آگ میں میں حضرت ابراہیم کے ساتھ تھا۔ میں حضرت موسیٰ کے بھی ساتھ تھا اور ان کو تورات کی تعلیم میں نے دی، میں حضرت عیسیٰ کے ساتھ تھا اور انہیں انجیل کی تعلیم

قال علی کنت مع ابراهیم فی نار نمرود وجعلته علیه برداً وسلاماً وکنت مع موسٰی وعلمته التوراة و مع عیسٰی وعلمته الانجیل

ذاکرین عظام و مقررین کیلئے

نایاب تحفہ

المجالس الفاخرہ فی اذکار العترة الطاہرہ

علامہ حسین بخش جاڑا

حضرت علیؓ جبرائیل کے استاد ہیں

علیؑ استاذ و تلمیذہ جبریلؑ ۔

HAZRAT ALI(RA) WAS THE TEACHER OF HAZRAT GABRAEIL (AS).

المجالس الفاخرہ فی اذکار العترۃ الطاہرہ از علامہ حسین بخش جاڑا

-۱۲۶

ہوتے ہو؟ تو جبرئیل نے عرض کی اس کا میرے اوپر اُستادی کا حق ہے
آپ نے پوچھا۔ وہ کیسے؟ تو جبرئیل نے عرض کی۔ روزِ ازل جب ذات
پروردگار نے مجھے خلعتِ وجود سے نوازا اور زیورِ تخلیق سے آراستہ فرمایا
تو پہلا سوال اس کی جانب سے تھا مَنْ اَنَا وَمَنْ اَنْتَ بتاؤ تم کون ہو؟
اور میں کون ہوں؟ تو میں نے جواب میں عرض کیا۔ اَنْتَ اَنْتَ وَاَنَا اَنَا۔ تو
تو ہے اور میں میں ہوں۔ پھر سختی کے لہجہ میں خطاب ہوا۔ صحیح بتاؤ۔ مَنْ
اَنَا وَمَنْ اَنْتَ پھر بھی میں نے اَنْتَ اَنْتَ وَاَنَا اَنَا تو تو اور میں میں کا جواب
دیا۔ تو تیسری دفعہ پھر خطاب ہوا۔ میں حیران تھا کہ کیا جواب دوں اچانک
عالمِ انوار سے ایک نور برآمد ہوا۔ اور کہا جبرئیل وہ جواب نہ دہراؤ بلکہ کہو،
اَنَا عَبْدٌ ذَلِیْلٌ وَاَنْتَ رَبٌّ جَلِیْلٌ اِسْمُکَ الْجَلِیْلُ وَاِسْمِیْ جِبْرِیْلُ میں عبد ذلیل ہوں اور
تو ربِ جلیل ہے۔ تیرا نام جلیل اور میرا نام جبرئیل ہے۔ چنانچہ میں نے یہ جواب
دیا تو تاج ملکوتیت میرے سر کی زینت بنا۔

اب جو یہ جوان در مسجد سے داخل ہوا ہے تو میں نے فوراً پہچان لیا
ہے کہ یہ وہی ہے جس نے مجھے عالمِ انوار میں درس دیا تھا اسلئے میرے
اوپر فرض ہے کہ اپنے استاد کی تعظیم کے لیئے کھڑا ہوں۔

آپ نے دریافت کیا یہ کس زمانہ کی بات ہے۔ جب علی نے تجھے
یہ درس دیا تھا؟

جبرئیل نے عرض کی۔ میں اتنا عرض کر سکتا ہوں کہ جانب عرش سے
ستر ہزار سال کے بعد ایک ستارہ طلوع کرتا ہے اور میں اپنی زندگی میں اسے
ستر ہزار بار دیکھ چکا ہوں۔

اب انصاف فرمایئے علی اپنے آپ کو محمد کا غلام ظاہر کرتے ہیں تو جو
جبرئیل محمد کے غلام کا عالمِ ازل میں شاگرد رہا ہے وہ اس سلطان کا استاد کیسے
ہو سکتا ہے جو علی کا بھی استاد و آقا تھا۔؟

WITNESS

قال اللہ تعالیٰ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ

الحمد للہ المنان کہ دریں زمان کتاب مستطاب از تصانیف عالم جلیل مصنف حجج بالغہ و شموس السبیل جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول فی المجد المنائع امام الجمعۃ و الجماعۃ فخر الحجیج و المعتمرین زائر حضرات چہاردہ معصومین جناب مولانا مولوی السید محمد مہدی صاحب

غفر اللہ الواہب

لوائح الاحزان

جلد دوم

نظر ثانی و حاشیہ

از تاج المتکلمین نجم العلماء نادرۃ الزمن فخر العلماء حضرت مولانا مولوی السید نجم الحسن صاحب کراروی

حسب فرمائش

حمایت اہل بیت شیعہ جنرل بک ایجنسی انصاف پریس لاہور

حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور

معراج علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

معراج علی بن ابی طالب کرم اللہ وجھہ ۔

MAIRAJ (AN ASCENTION) OF HAZRAT ALI ﷺ.

لواعج الاحزان جلد دوم از مولوی سید نجم الحسن کراروی شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور

مجلس ۲ | ۳۸ | کیفیتِ معراج

غسل کیا یہاں تک کہ بہشت میں داخل ہوئے اور وہاں کی سیر فرمائی حضرت فرماتے ہیں میں نے بہشت میں ایک درخت دیکھا اتنا بڑا تھا کہ اگر ایک مرغ کو اس کی جڑ کے پاس چھوڑ دیں تو سات سو برس میں بھی اس کے گرد نہیں گھوم سکتا کوئی گھر بہشت میں ایسا نہیں ہے جس میں اس کی شاخ نہ پہنچی ہو۔ جب میں نے پوچھا تو جبرئیلؑ نے کہا یہی درخت طوبےٰ ہے جس کو خدا فرماتا ہے طُوبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ پھر وہاں سے پیغمبر خدا سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے جب سدرۃ المنتہیٰ سے آگے بڑھے جبرئیلؑ ٹھہر گئے اور کہا اب یہاں سے آپ تنہا جائیے فرمائیے آمد و رفت ہماری یہیں تک ہے اب ہماری مجال نہیں کہ آگے بڑھ سکیں ۔

اگر یک سرِ موئے برتر پرم
فروغ تجلّے بسوزد پرم

صورت امیر المومنینؑ آسمان پنجم پر

الغرض وہ جناب وہاں سے روانہ ہوئے اور قرب معنوی خدا تک پہنچے اور مرتبۂ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى سے سرفراز ہوئے اور اپنے پروردگار سے مناجات کی اور حبیبؐ و محبوب میں راز و نیاز کی باتیں ہوئیں ۔ ایک روایت میں ہے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ جب میں آسمان پنجم پر تھا تو دور سے ایک فرشتہ کو دیکھا کہ منبر نور پر بیٹھا ہے اور بہت سے فرشتے اس کے گرد جمع ہیں میں نے پوچھا یہ کون فرشتہ ہے جبرئیلؑ نے کہا نزدیک جا کر ملاحظہ کیجیے میں جو قریب گیا تو دیکھا کہ یہ تو میرے بھائی علیؑ بن ابی طالب ہیں ۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا کیا علی میرے پہلے یہاں پہنچ گئے ؟ جبرئیل نے کہا نہیں بلکہ فرشتوں نے خواہش کی تھی اسی لئے خدا سے عرض کیا تھا کہ خداوندا روئے زمین پر تو انسان صبح و شام مشاہدۂ جمال علیؑ بن ابی طالب سے جو تیرا دوست، تیرا ولی، تیرے حبیب کا وصی ہے بہرہ مند ہوتے ہیں مگر ہم سب محروم ہیں حق تعالیٰ نے التجا ان کی قبول کی اور اپنے نور اقدس سے صورت امیر المومنینؑ کو آسمان پر پیدا کیا کہ ہمیشہ فرشتے زیارت کیا کرتے ہیں اور تسبیح و تقدیس خدا بجا لاتے ہیں اور ثواب اس کا دوستانِ علیؑ کو ہدیہ کرتے ہیں ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اسی طرح ملا صالح ترمذی متخلص بہ کشفی کتاب مناقب مرتضوی میں لکھتے ہیں کہ جب پیغمبر خدا معراج کو آسمان پر تشریف لے گئے تو وہاں ایک شیر کو دیکھا جو نور کے حلقہ میں تھا جب پیغمبر نے آگے جانے کا قصد کیا تو وہ شیر حملہ کرنے لگا اور مانع ہوا ۔ جبرئیل سے پوچھا یہ شیر کیا چاہتا ہے ؟ کہا یہ تو کچھ آپ سے چاہتا ہے اگر کوئی چیز آپ کے پاس ہو تو اسے دیجئے انگوٹھی دستِ مبارک میں تھی حضرت نے اس کی جانب پھینکدی اور روانہ ہو گئے ۔ جب حضرت معراج سے واپس ہوئے تو جناب امیر

ذکار الاذہان بجواب جلاء الاذہان

تبرا تمہاری سنی ہماری

مصنف

عبدالکریم مشتاق ادیب فاضل

شائع کردہ:

رحمت اللہ بک ایجنسی (ناشران و تاجران کتب)

بمبئی بازار، نزد خوجہ مسجد و بڑا امام باڑہ، کھارادر کراچی ۲

ولایت علیؓ کا رتبہ نبوت سے زیادہ ہے

رتبة ولاية على فوق رتبة النبوة .

A RANK OF ALI'S WILAYAT IS HIGHER THAN PROPHETHOOD.

مزار تمہاری دس ہماری (ذکاء الاذہان بجواب جلاء الاذہان) مصنف عبد الکریم مشتاق رحمت اللہ بک ایجنسی کراچی

۵۲

زمین پر ہے۔ فافہم۔ ہم قریشی صاحب سے عرض کرتے ہیں کہ پہلے اپنے گھر کی خبر اچھی طرح لے لیا کریں پھر اعتراض کرنے کے لئے قلم کو تکلیف دیں۔

اعتراض ۸۳:۔ خلافت و امامت کے سلسلے میں من کنت مولاہ فعلی مولاہ سے بھی استدلال کیا جاتا ہے۔ بتائیے مولا کا معنی کہیں خلیفہ بلا فصل مذکور ہے۔

جواب ۸۳:۔ جی ہاں مولا کے معنی آقا و سید المطاع ہر جگہ ملاحظہ فرمائے جاسکتے ہیں۔ خلیفہ چونکہ بادشاہ ہوتا ہے لہٰذا سید المطاع ٹھہرا۔ خلیفہ بلا فصل کے معنی حدیث منقولہ ہی میں مذکور ہیں کہ حضورؐ نے براہ راست حکم دیا کہ جس جس کا میں (محمدؐ) مولا ہوں اس اس کا علیؑ مولا ہے۔ چونکہ اپنے اور علیؑ کے درمیان آپ نے کسی غیر کو شامل نہ کیا اور اپنے فوراً بعد علیؑ کو مولا بنایا لہٰذا بلا فصل قرار پائے ورنہ حدیث میں ثابت کر دیجئے کہ حضورؐ نے فرمایا ہوں جس کا میں مولا اس کا فلاں فلاں فلاں اور علیؑ مولا ہے۔

اعتراض ۸۴:۔ اگر مولا کے معنی سردار لیا جائے تو کیا اس لحاظ سے حضرت علیؑ مرتضیٰ جملہ انبیاء علیہم السلام سے افضل نہ ٹھہریں گے جبکہ سیدنا علی وصف نبوت سے موصوف نہیں اگر(چہ) درجہ نبوت یقیناً درجہ ولایت سے زیادہ ہے۔

WITNESS

○ جواب ۸۴:۔ ہمارے اعتقاد کے مطابق بلاشبہ حضرت علی علیہ السلام حضورؐ کے علاوہ جملہ انبیاء سے افضل ہیں اور ولایت کا درجہ بے شک نبوت سے زیادہ ہے

ھ[1] استقبال قبلہ نیت لوگ صف بستہ قرأت فرمائی رکوع کیا منبر پر رکوع سے سر اٹھا کر پچھلے پیروں پلٹے زمین پر اترے اور زمین پر سجدے گئے دونوں سجدوں سے فارغ ہوئے سر مبارک اٹھایا کھڑے ہوئے منبر پر چڑھ گئے پھر رکوع منبر پر اور سجدے نیچے اتر کر زمین پر یوں ہی نماز پوری کی۔ (صحیح بخاری جزء ۱ ص۵۵ مطبوعہ مصر باب الصلوٰۃ علی السطوح والمنبر)۔ قریشی صاحب آپ نے بخاری شریف دیکھی یا نہیں؟ ہماری تحقیق آپ مزید دیکھیں اور پھر فیصلہ کریں کہ یہ فعل کثیر ہوا یا نہیں۔ حضورؐ کی نماز اور امامت کا کیا انجام ہوا۔ نیز اہل جماعت کا کیا حشر ہوگا۔

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

ھٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ

الحمد للہ والمنہ کہ بعد کشاکش یک عالم رنج و غم و تراکم مصائب سہیم کہ بوجہ انتقال دو فرزندان نوجوانان کہ یکی بسن بیست وسہ و دوم بسن بیست و یک سالگی داغ مفارقت خویش بر قلب مجروح مترجم گذاشتند

ضمیمہ جات مقبول ترجمہ و حواشی

مرتبہ و مولفہ و مترجمہ

علامہ جناب فضائل مآب مستفیض فیض ربانی و نکتہ شناس رموز قرآنی مکتشف حقائق و معانی متکلم مناظر لاثانی حضرت مولانا مولوی حکیم سید مقبول احمد صاحب دہلوی ظلہم العالی و دام فیضہم

بار دوم

آغا سلطان مرزا پرنٹر اینڈ پبلشر

تعداد ۲۰۰۰

حضرت علیؓ کی معراج کا اعلان

ادعاء معراج علی رضی اللہ عنہ

A DECLARATION OF HAZRAT ALI'S ASCENTION (MAIRAGE)

ضمیمہ جات متبول ترجمہ وحواشی مرتبہ مولف و ترجمہ لوض ربانی رموز قرآنی متبول احمد دہلوی بار دوئم

منیر شعوق نورت بنشد — ۵۳۸ — مشعق مفزوعہ

کسی نے جناب امام زین العابدین علیہ السلام سے سوال کیا یا ابن رسول اللہ! کیا خداوند عالم کے لئے کوئی خاص مکان قرار دینا جائز ہے؟ فرمایا نہیں۔ خدا مکان (اور مکانیات) سے منزا ہے اس نے عرش کی پھر حق سبحانہ وتعالے نے آپنے رسولؐ کو آسمان پر کیوں بلایا؟ فرمایا اس لئے کہ آنحضرت کو آسمانوں کی سلطنت اور وہاں کے عجائبات اور نادر صنعتیں اور آسمانی مخلوقات دکھائے۔ اس نے عرض کی پھر قول باری تعالے ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی کا کیا مطلب ہوگا؟ فرمایا مقصود یہ ہے کہ جس وقت جناب رسولؐ خدا حجاب نور کے پاس پہنچے تو وہاں آسمانوں کی سلطنت اور اس کا حسن انتظام اور خوبی ملاحظہ فرمائی فتدلی پھر نیچے کو گردن جھکا کے زمین کی شاہی دیکھی یہاں تک کہ آنحضرت کو یہ گمان ہوا کہ میں زمین سے اتنا قریب ہوں کہ جتنا چلۂ کمان گوشہ سے قریب ہوتا ہے بلکہ اس سے بھی کم۔

انہی حضرت سے یہ بھی مروی ہے کہ جب جناب رسولؐ خدا شب معراج بالائے آسمان تشریف لے گئے تو اس مقام پر پہنچے جہاں سے (عظمت) پروردگار میں اور آنحضرت میں گوشۂ کمان کا بلکہ اس سے کم فاصلہ تھا تو آنحضرت کے سامنے سے حجاب (نور) اٹھا دیا گیا تھا۔

